دفتر افسر اعلی تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے منا خالد نے ساتویں یونیکس سن رائز سینئر نیشنل پیرا بیڈمنٹن چمپئن شپ دو ہزار چھبیس میں چاندی کا تمغہ جیتا

New Delhi, March 16, 2026

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے پی ایچ ڈی اسکالر منا خالد نے ساتویں یونیکس سن رائز سینئر بیڈمنٹن پیرا چمپئن شپ دو ہزار چھبیس میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ واضح ہو کہ بیڈمنٹن ایسوسی ایشن آف انڈیا (بی اے آئی) نے یہ چمپئن شپ مورخہ چھ تا دس مارچ دو ہزار چھبیس کے دوران تلنگانہ ریاست کے ہرٹ فلنیس، گوپی چند بیڈمنٹن اکیڈمی، کنہا ونم آشرم رنگا ریڈی ضلع میں منعقد کی تھی۔

مردوں کے ڈبل کیٹگری کے فائنل میں منا خالد اور ان کے ساتھی سشانت کمار، ابو ہیدہ اور پریم کمار الے کی جوڑی سے سترہ۔اکیس اور اٹھارہ اکیس کے کم فرق سے ہارے۔

منا خالد اب تک ہندوستان کے لیے دس بین الاقوامی تمغے جیت چکے ہیں جن میں دو طلائی، دو نقرئی اور چھ کانسے کے تمغے شامل ہیں۔منا خالد سر دست جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ ہندی سے ہندی ادب میں پی ایچ ڈی کر رہے ہیں۔اس سے قبل انہوں نے جامعہ ملیہ اسلامیہ ہی سے بی۔اے (آنرس) ایم ایس ڈبلیو اور ہندی میں ایم۔اے کیا تھا۔

عزت مآب پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلایہ نے اس شان دار کامیابی پر منا خالد کو مبارک باد دی اور مستقبل کے مقابلوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے بھی ٹورنامنٹ میں اہم کامیابی پر منا خالد کو مبارک باد دی اور آئندہ مقابلوں کے لیے ان کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملک کی نیک نامی اور عزت و توقیر میں اضافے کے لیے ان کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے دونوں نے یونیورسٹی کے ممتاز کھلاڑی کو مکمل تعاون دیا۔

پروفیسر نفیس احمد، اعزازی ڈائریکٹر (گیمز اینڈ اسپورٹس) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے بھی منا خالد کی لگن اور محنت کی تعریف کی اور کھیل سے متعلق ان کی مستقبل کی سرگرمیوں میں کامیابی کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

منا خالد کا خواب ہے کہ وہ آئندہ ہونے والے بین الاقوامی مقابلوں یعنی ایشیائی پیرا گیمز دو ہزار چھبیس اور پیرالمپکس دو ہزار چھبیس میں ملک، ریاست اور مادر علمی جامعہ ملیہ اسلامیہ کا نام روشن کریں۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ